MILLAT FUND
ملت فنڈ

جمعیۃ علماء ہند
Jamiat Ulama-i-Hind
जमीअत उलमा-ए-हिन्द
Since 1919/۱۳۳۷

ملت فنڈ

جمعیۃ علماء ہند

@JamiatUlama_in @Jamiat.org.in

ملت فنڈ کا تعارف

مختلف فلاحی و تعمیری پروگرام اور ہنگامی حالات کے لیے مالی وسائل کو مقامی سطح سے لے کر مرکزی سطح تک منظم کرنے کے لیے **'ملت فنڈ'** قائم کیا گیا ہے۔اس کا قیام مجلس عاملہ منعقدہ ۱۰، ۱۱، دسمبر ۲۰۲۱ء بمقام کلکتہ عمل میں آیا۔

پس منظر

ہنگامی حالات جیسے سیلاب، طوفان، زلزلہ، آتش زنی یا فسادات کے وقت جمعیت علما پر شدید دباو ہوتا ہے کہ وہ فوری طور پر متاثرین کی امداد کے لیے آگے بڑھے۔ ایسی صورتوں میں ہماری توجہ وسائل اکٹھا کرنے پر مرکوز ہوتی ہے، جس کی وجہ سے متاثرین کی فوری طور پر امداد و راحت رسانی میں دقت پیش آتی ہے۔

نیز جمعیت علما کے مختلف فلاحی و تعمیری پروگرام پورے ملک میں جاری و ساری ہیں، ان کے لیے بھی برابر مالی وسائل کا تقاضا بنا رہتا ہے۔ اس لیے ان کی کفالت کے لیے ایک مستقل فنڈ کی ضرورت عرصہ سے محسوس کی جا رہی تھی۔ چنانچہ اس مقصد کو روبعمل لانے کے لیے **"ملت فنڈ"** قائم کیا گیا۔

تنظیمی ڈھانچہ

یہ جمعیت علمائے ہند کا ایک شعبہ ہے۔

اس کا مرکزی دفتر ا۔ بہادر شاہ ظفر مارگ، آئی ٹی او نئی دہلی ہے۔



صوبائی صدر و ناظم اعلی

ضلعی صدر و ناظم اور ضلع آرگنائزر (ڈی او)

مقامی صدر و ناظم ورضاکار

نظام العمل

- ملت فنڈ کا نظام صوبائی، ضلعی اور مقامی تینوں سطح پر مشتمل ہو گا۔
- تینوں سطح پر صدور و نظمائے اعلیٰ ملت فنڈ کی تحریک کو پورے صوبے میں متحرک و فعال بنانے، فنڈ جمع کرنے اور مرکز تک پہنچانے کے ذمہ دار ہوں گے۔
- ملت فنڈ کے لیے ضلعی سطح پر ایک ضلع آرگنائزر بھی مقرر کیا جاتا ہے۔
- ملت فنڈ کے لیے جماعت کے ہمدردوں اور بہی خواہوں کو ماہانہ ممبر بنایا جائے گا۔ اور ہر ممبر سے ماہانہ ۱۰۰، (ایک سو) روپیہ کی رقم بطور امداد وصول کی جائے گی۔
- ہر ممبر سے ایک فارم بھروایا جائے گا، جس کی ایک ایک نقل صوبہ اور مرکز میں بھیجی جائے گی۔
- ہر ضلع میں ایک ہزار ممبر بنانے کا ہدف طے کیا گیا ہے۔
- فنڈ کی رقم کوپن کے ذریعہ وصول کی جائے گی۔ تمام کوپن مرکز سے جاری ہوں گے۔
- ہر ماہ وقت پر رقم وصول کریں گے، اور اس رقم کو طے شدہ اکاؤنٹ میں جمع کریں گے۔

رقم کی تقسیم واخراجات

ملت فنڈ میں جمع رقم کو چار حصوں میں تقسیم کیا جائے گا۔



- ہر ضلع یا مقامی جمعیت کے ملت فنڈ کی جمع رقم کا چالیس فی صد، متعین مدات میں خرچ کرنے کے لیے اسی یونٹ کو دیا جائے گا
- بیس فی صدر قم جمعیت علمائے ہند (مرکز) کو دی جائے گی۔
- بیس فی صدر قم جمعیت علمائے صوبہ کو دی جائے گی۔
- اور بیس فی صدر قم جمعیت علمائے ضلع کو دی جائے گی۔

نوٹ:۔مرکز سے ٹرانسفر کردہ رقم کا حساب تین ماہ میں مرکز کو بھیجنا ہر یونٹ کے لیے ضروری ہوگا۔

مدات

- وظائف برائے بیوگان، یتامی وطلبہ وطالبات
- ائمہ حضرات کے بچوں کی تعلیم کے لیے ماہانہ اسکالرشپ کا نظم
- مکاتب کے ضرورت مند طلبہ وطالبات کی فیس کی ادائیگی کا نظم
- اصلاح معاشرہ، دینی اخلاقی واصلاحی لٹریچر کی ترتیب واشاعت

- درس قرآن وسیرت طیبہ کے پروگرام
- مسجد، مسافرخانہ کی مرمت یا ہسپتال میں مریضوں کی عیادت
- غریب لڑکیوں کی شادی میں تعاون
- راحت رسانی وبازآبادکاری

ملت فنڈ کے آرگنائزر کی ذمہ داری

نظام العمل میں طے شدہ ذمہ داریوں کے علاوہ، مقامی و ضلعی اکائیوں کے ساتھ مل کر درج ذیل امور کی ادائیگی بھی ذمہ داری میں شامل ہو گی:

- درس قرآن اور سیرت طیبہ کے موضوع پر اپنے حلقے کے ذمہ داران سے مشورہ کر کے پروگرام منعقد کرنا۔
- راحت رسانی و بازآبادکاری کے کاموں کے لیے ہمہ وقت تیار رہنا
- وظائف بیوگان و معذورین کے امور کی انجام دہی۔
- ضلع میں ہر بچے و بچیوں کو بنیادی دینی تعلیم کی فراہمی۔
- مساجد میں ہفتے میں اصلاح معاشرہ کے پروگرام کے انعقاد۔

- مقامی و اصلاحی کمیٹیوں کے ذریعے فیصلوں کے نفاذ میں تعاون۔
- ارتداد کے شکار لوگوں یا گروہوں کی رپورٹ فوری طور پر مرکز کو ارسال کرنا۔
- ہیٹ کرائم کے واقعات کی صورت میں مرکز کے متعلقہ شعبہ کو فوری طور سے آگاہ کرنا۔
- جمعیت یوتھ کلب کی تشکیل میں حصہ لینا۔

ملت فنڈ اب تک

Till Date Report									
sr.	State	District	Total Member	Active Member	Inactive Member In November	Total Funding	First Installment 60%	Second Installemtn 60%	Total Amount in Distrits
1	UP	Shamli	1010	550	460	₹ 9,45,000.00	₹ 1,50,000.00	₹ 3,57,000.00	₹ 5,07,000.00
2	UP	Hapur	1305	44	1261	₹ 5,98,150.00	₹ 1,17,090.00	₹ 2,26,980.00	₹ 3,44,070.00
3	UP	Ghaziabad	1285	121	1164	₹ 3,89,200.00	₹ 58,740.00	₹ 1,46,520.00	₹ 2,05,260.00
4	UP	Meerut	535	140	395	₹ 2,70,000.00	₹ 49,500.00	₹ 96,300.00	₹ 1,45,800.00
5	UP	Banaras	825	317	508	₹ 10,07,000.00	₹ 1,34,040.00	₹ 4,25,160.00	₹ 5,59,200.00
6	UP	Mau	800	300	500	₹ 6,63,000.00	₹ 91,200.00	₹ 2,64,600.00	₹ 3,55,800.00
7	UP	Kishanganj	573	132	441	₹ 2,09,700.00	₹ 18,900.00	₹ 91,020.00	₹ 1,09,920.00
8	UP	Palanpur	750	270	480	₹ 2,81,300.00	₹ 31,800.00	₹ 1,07,580.00	₹ 1,39,380.00
9	UP	Ahmedabad	602	62	540	₹ 2,40,500.00	₹ 7,800.00	₹ 1,22,580.00	₹ 1,30,380.00
10	UP	Gurgaon	1047	30	1017	₹ 2,26,700.00	₹ 55,860.00	₹ 69,060.00	₹ 1,24,920.00
11	UP	Nuh Mewat	635	281	354	₹ 2,87,000.00	₹ 54,000.00	₹ 80,940.00	₹ 1,34,940.00
12	UP	Araria	470		470	₹ 1,48,200.00	₹ 16,860.00	₹ 72,060.00	₹ 88,920.00
13	UP	Baghpat	800	180	620	₹ 1,49,800.00	No member that time	₹ 58,440.00	₹ 58,440.00
14	UP	Amroah	218		218	₹ 90,000.00	No member that time	₹ 54,000.00	₹ 54,000.00
	Total		**10,855**	**2,427**	**8,428**	**₹ 55,05,550.00**	**₹ 7,85,790.00**	**₹ 21,72,240.00**	**₹ 29,58,030.00**

ملت فنڈ کے زیر اہتمام اب تک درج ذیل اضلاع میں مختلف امور انجام دیئے گئے ہیں

نمبر شمار	ضلع	امور
1	ہاپوڑ	کمبل کی تقسیم، اصلاح معاشرہ کے پروگرام کا انعقاد، جلے ہوئے مکان کی مرمت
2	میرٹھ	کمبل کی تقسیم، بیواؤں کی مدد
3	نوح، میوات	حوصلہ افزائی کے لیے مکاتب کے طلبہ کو انعام سے نوازا گیا، غریب طلبہ کے اسکول کی فیس ادا کی گئی۔
4	مئو	غریب بچیوں کی شادی میں امداد، اسکول کی فیس میں تعاون، کمبل تقسیم
5	کشن گنج	غریب بچیوں کی شادی میں تعاون
6	گڑگاؤں	بیوا فیملی کے لیے راشن و سردی کے کپڑے کا نظم کیا گیا، پانچ غریب بچیوں کی شادی میں تعاون، بی ایڈ کے طلبہ کی فیس میں تعاون

نمبر شمار	ضلع	امور
7	غازی آباد	جمبوری کیمپ میں جمعیۃ یوتھ کلب کے کام میں مالی مدد
8	اراریہ	رمضان میں راشن کٹ تقسیم، ضرورت مند مریضوں کے علاج میں امداد
9	باغپت	ضلع باغپت میں بڑے پیمانے پر رمضان میں راشن کٹ تقسیم کئے گئے۔
10	شاملی	غریب فیملی کی مالی مدد کی گئی۔

جزاک اللہ خیر

جمعیۃ علماء ہند

www.jamiat.org.in

@JamiatUlama_in @Jamiat.org.in

MILLAT FUND
ملت فنڈ